# شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ

## 56۔ بند روڈ، لاہور

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

کمپنی کا 60واں سالانہ اجلاس عام مورخہ 24 اکتوبر 2023ء کو صبح 11:00 بجے بمقام کمپنی رجسٹرڈ آفس، 56۔ بند روڈ، لاہور میں اور بذریعہ وڈیو لنک منعقد ہوگا۔ اجلاس میں شرکت کے لئے ہدایات نوٹس میں دی گئی ہیں۔

سالانہ اجلاس عام مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**(الف) عمومی امور پر کاروائی۔**

۱) کمپنی کے غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 22 جون 2023ء کی کاروائی کی توثیق کرنا۔

۲) سال 30 جون 2023ء کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ حسابات معہ ڈائریکٹرز اور غیر جانب دار محاسب رپورٹ کی وصولی اختیار کرنا۔

۳) سال 30 جون 2023ء کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے تجویز کردہ 2 روپے فی حصص کے حساب سے نقد منافع 20 فیصد، اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کی منظوری دینا۔

۴) مالی سال 24-2023ء کے لئے بیرونی محاسب کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ حصص کنندگان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 30 جون 2024ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے بیرونی محاسب کے طور پر تقرری کیلئے بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹس کے نام کی سفارش کی ہے۔

**(ب) خصوصی امور پر کاروائی۔**

۵) سال 30 جون 2023ء کیلئے مالی گوشواروں میں درج متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ کمپنی کی طرف سے سرانجام دیئے گئے لین دین کی درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد کے کسی تبدیلی یا ترمیم کے بغیر یا تبدیلی اور ترمیم کے ساتھ منظور کر کے توثیق کرنا۔

"قرار پایا کہ سال 30 جون 2023ء کیلئے کمپنی کے مالی گوشواروں کے نوٹ 36 میں درج تمام متعلقہ پارٹیوں سے کمپنی کے لین دین کی تفصیلات کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔"

۶) مالی سال 24-2023ء میں متعلقہ پارٹیوں کے ساتھ ممکنہ لین دین کی منظوری دینا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تشکیل سے قطع نظر متعلقہ پارٹیوں سے لین دین سرانجام دینے کیلئے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بااختیار بنانا۔

اس سلسلہ میں پاس کی گئی قراردادیں (کسی تبدیلی یا ترمیم کے بغیر یا تبدیلی اور ترمیم کے ساتھ) خصوصی قراردادوں کے طور پر درج ذیل ہیں:

"قرار پایا کہ بورڈ کی طرف سے منظور شدہ پالیسی کے مطابق اور ایسی شرائط جو وقتاً فوقتاً مقرر کی گئیں ہوں کے مطابق کمپنی مالی سال 24-2023ء کیلئے متعلقہ پارٹیوں سے لین دین سرانجام دینے کیلئے بااختیار ہے۔"

"مزید قرار پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اگلے سالانہ اجلاس عام تک متعلقہ پارٹیوں سے لین دین پر مشتمل کمپنی کی پالیسی اور متعلقہ قوانین/ضابطے کی دفعات کے مطابق اور بورڈ کی تشکیل سے قطع نظر، متعلقہ پارٹی/پارٹیوں سے لین دین کی منظوری دے سکتے ہیں۔"

"مزید قرار پایا کہ اس طرح تمام لین دین کو اگلے سالانہ اجلاس عام میں حصص کنندگان کے سامنے، نوٹ کرنے/توثیق/منظوری کیلئے رکھا جائے گا۔"

**(ج) دیگر امور پر کاروائی۔**

۷) کسی اور امور پر سربراہ کی اجازت سے کاروائی کرنا۔

**کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ (3)134 کے تحت اہم حقائق کا بیان**

مندرجہ بالا خصوصی کاروائی برائے ایجنڈا آئیٹم نمبر 5 سے 6 کے متعلق مطلوبہ بیان حصص کنندگان کو اس اجلاس کے نوٹس کے ہمراہ بذریعہ ڈاک ارسال کیا جا رہا ہے۔

لاہور:
28 ستمبر 2023ء

حسب الحکم بورڈ
خرم بابر
کمپنی سیکرٹری

نوٹ:

۱) **حصص منتقلی کتب کی بندش:**

کمپنی شیئرز ٹرانسفر بکس 18 اکتوبر 2023 تا 24 اکتوبر 2023 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئر رجسٹرار آفس .M/S Corplink (Pvt) Ltd، ونگز آرکیڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو 17 اکتوبر 2023ء کو دفتری اوقات تک موصول ہونے والی ٹرانسفر نقد منافع اور میٹنگ میں حاضری کی اہلیت کے لئے بروقت اور اہل تصور ہوں گی۔

۲) **ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت:**

وہ حصص کنندگان جو کہ اجلاس میں بذریعہ وڈیو لنک سہولت "زوم" (جو کہ گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے) کے ذریعے شرکت کے متمنی ہیں ان سے درخواست ہے کہ سالانہ اجلاس عام ہذا کے انعقاد سے کم از کم دو (02) روز قبل meetings@shezan.com پر مندرجہ ذیل تفصیلات کے ساتھ کمپنی سیکریٹری کے دفتر میں رجسٹریشن کرا لیں۔

| حصص یافتہ کا نام | قومی شناختی کارڈ کا نمبر | فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

☆ خواہشمند حصص کنندگان کی جانب سے مندرجہ بالا معلومات کی وصولی پر کمپنی ان کے ای میل ایڈریس پر لاگ اِن تفصیلات فراہم کردیگی۔

☆ سالانہ اجلاس عام ہذا کے انعقاد کے دن حصص کنندگان بذریعہ اپنے اسمارٹ فون یا کمپیوٹر ڈیوائسز اپنے متعلقہ مقامات سے مذکورہ سالانہ اجلاس عام کی کاروائی میں لاگ اِن اور شرکت کر سکیں گے۔

☆ شناختی کارڈ اور تصدیقی عمل کے بعد شرکاء کو اجلاس میں شرکت کے لئے 30 منٹ قبل لاگ اِن کی سہولت کھولی جائیگی۔

۳) **پراکسی کا تقرر:**

کوئی بھی ممبر اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لئے کسی دوسرے ممبر کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ، 56 بند روڈ، لاہور میں جمع کرا دیئے جانے چاہئیں۔ کوئی شخص بھی پراکسی کی اہلیت نہیں رکھتا جب تک وہ کمپنی کا ممبر نہ ہو سوائے اس کے کہ کمپنی خود کسی غیر متعلقہ شخص کو مقرر کرے۔ پراکسی فارم پر حصص کنندہ کے دستخط، کمپنی کے پاس رجسٹرڈ حصص کنندہ کے نمونہ دستخط کے مطابق ہوں۔

۴) **حصص کنندگان سے مطلوبہ معلومات:**

حصص کنندگان سے التماس ہے کہ پتہ میں تبدیلی کی صورت میں کمپنی کے رجسٹرار آفس .M/S Corplink (Pvt) Ltd، ونگز آرکیڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کو فوری طور پر مطلع کریں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی طرف سے جاری شدہ ایس آر او 2014(1)19 بتاریخ 10 جنوری 2014 اور ایس آر او 2016(1)275 بتاریخ 31 مارچ 2016 کے تحت وہ حصص کنندگان جنہوں نے ابھی تک اپنے تصدیق شدہ شناختی کارڈ کی کاپی جمع نہیں کروائی ان سے التماس ہے کہ اپنے فولیو نمبر کے ہمراہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو بھجوائیں۔

۵) **اجلاس عام میں شرکت کرنے والے سی ڈی سی ہولڈرز کیلئے رہنما اصول:**

سی ڈی سی کھاتہ داران کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری شدہ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل پیرا ہونا ضروری ہے۔

**(الف) اجلاس میں شرکت کیلئے:**

(i) انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا سب کھاتہ دار یا جن افراد کے حصص مشترکہ کھاتہ میں ہوں ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، کو اجلاس میں شرکت کے مواقع پر اپنی شناخت کے لئے اصل شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں اجلاس کے موقع پر بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کے نمونے ہوں پیش کرنے ہوں گے۔ (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی ہو)۔

**(ب) پراکسی کے تقرر کیلئے:**

(i) انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا سب کھاتہ دار اور یا جن افراد کے حصص مشترکہ کھاتہ میں ہوں ان کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، کو اجلاس میں شرکت کے لئے پراکسی فارم حسب بالا جمع کرانا ہوگا۔

(ii) حقیقی مالکان، تصدیق شدہ شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی، پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کریں۔

(iii) پراکسی خواہ مرد ہو یا عورت اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرے۔

(iv) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں اجلاس میں شرکت کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمعہ ووٹ کے لئے کارپوریٹ شخصیت کی طرف سے نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے (اگر وہ پہلے سے فراہم نہ کئے گئے ہوں) کمپنی کو پراکسی فارم کے ہمراہ پیش کئے جائیں۔

## ٦) منافع پر ودہولڈنگ ٹیکس:

موجودہ قوانین کے تحت حصص پر نقد منافع پر انکم ٹیکس کی کٹوتی کے لئے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001ء کے سیکشن 150 کے تحت حسب ذیل شرح مقرر کی گئی ہیں۔

(i) انکم ٹیکس دہندگان کی ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں شامل ہونے والے افراد کے لئے ٹیکس میں کٹوتی کی شرح 15 فیصد ہے۔

(ii) انکم ٹیکس دہندگان کی ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں شامل نہ ہونے والے افراد کے لئے ٹیکس میں کٹوتی کی شرح 30 فیصد ہے۔

ایسے تمام حصص کنندگان جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں باوجود اس حقیقت کے وہ ٹیکس گوشوارے جمع کرواتے ہیں موجود نہیں، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس کے اجراء کی تاریخ سے قبل ان کے نام ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) میں شامل ہو جائیں بصورت دیگر حصص پر نقد منافع کی ادائیگی پر ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد کی بجائے 30 فیصد کی جائے گی۔

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی وضاحت کے مطابق آرڈیننس کے دوسرے حصہ چہارم کی شق 47B کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کے استثنیٰ کے دعوے کے لئے ایک موثر انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ لازمی ہے جو آرڈیننس کی شق نمبر 159 کے تحت جاری شدہ ہو۔ ایسے تمام حصص کنندگان جن پر ان کا اطلاق ہوتا ہے انہیں چاہیے کہ اپنا موثر انکم ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ ہمارے رجسٹرار کو مہیا کریں بصورت دیگر ٹیکس کی کٹوتی شق 150 میں بیان کردہ شرح کے مطابق کی جائے گی۔

مشترکہ کھاتہ کی صورت میں ہر حصص کنندہ انفرادی تصور کیا جائے گا چاہے وہ ایکٹو ٹیکس پیئر ز ہو یا نان ایکٹو ٹیکس پیئر ز، انکی حیثیت کے ساتھ حصص کے تناسب سے انکم ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ ان ضمن میں تمام مشترکہ حصص کنندگان سے درخواست ہے کہ وہ ذیل میں دی گئی تفصیلات کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر بھیجیں۔ سی ڈی سی کھاتہ دار کارپوریٹ فزیکل حصص کنندگان اپنی تفصیلات جو کہ انکم ٹیکس کی ادائیگی کے موجودہ حیثیت کو ظاہر کرتی ہو، اسٹاک ایکسچینج کے متعلقہ ممبر اور سی ڈی سی کو پیش کریں اگر سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ رکھا گیا ہے۔ بصورت دیگر بنیادی حصص کنندہ اور مشترکہ حصص کنندہ کا تناسب مساوی سمجھا جائے گا۔

| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | بنیادی حصص کنندہ | | مشترکہ حصص کنندہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کی ملکیت کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر | حصص کی ملکیت کا تناسب (حصص کی تعداد) |

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے وقتاً فوقتاً ایکٹیو ٹیکس پیئر زلسٹ (اے ٹی ایل) کو جانچنے کے لئے اب شناختی کارڈ نمبر یا این ٹی این کی تفصیلات ضروری ہیں۔

## ٧) حصص کنندگان کو منافع کی ادائیگی:

کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 242 اور کمپنیز (منافع کی تقسیم) ریگولیشنز 2017ء کے تحت ہر لسٹڈ کمپنی کو اپنے حصص کنندگان کے نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقے سے مجاز حصص کنندہ کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرنے کی پابند ہے۔ اس قانون پر عمل کو یقینی بنانے کے لئے کہ نقد منافع نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ کے ذریعے مل سکے ہم اپنے حصص کنندگان سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.shezan.com پر موجود "الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" بھر کر باضابطہ دستخط کے ساتھ اپنے بروکر/ سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی اگر حصص الیکٹرانک صورت میں ہوں، اور اگر حصص کاغذی سرٹیفکیٹ کی صورت میں ہوں تو کمپنی کے شیئر رجسٹرار اس پتہ پر M/S Corplink (Pvt) Ltd.، ونگز آرکیڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور۔ ای میل corplink786@gmail.com پر بھیج دیں۔

## ٨) غیر ادا شدہ منافع:

غیر دعویٰ شدہ منافع/ حصص کی تازہ ترین لسٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ یہ غیر دعویٰ شدہ منافع/ حصص ہیں جن کی ادائیگی کی تاریخ کو تین (03) سال سے زائد کا عرصہ گزرا ہے یا غیر دعویٰ شدہ ہے یا غیر ادا شدہ رہے ہیں۔

کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود کلیم فارمز پر حصص کنندگان کی جانب سے دعویٰ داخل کیا جا سکتا ہے۔ کلیم فارم لازمی طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس M/S Corplink (Pvt) Ltd.، ونگز آرکیڈ K-1 کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور کے پاس منافع/ حصص کی وصولی کے لئے جمع کرائے جا سکتے ہیں۔

**۹) فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:**

سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے اپنے خط CSD/ED/Misc/2016-639-640 بتاریخ 26 مارچ 2021 میں لسٹڈ کمپنیز کو عندیہ دیا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں۔

شیزان انٹرنیشنل لمیٹڈ کے فزیکل فولیوز / شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے حصص کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ جلد سے جلد اپنے فزیکل فارم والے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرائیں۔ اس ضمن میں حصص کنندگان اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس کنندہ سے سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرانے کے لئے مدد لے سکتے ہیں۔

اس سے حصص کنندگان کو حصص کی محفوظ حوالگی سمیت کئی طریقوں سے سہولت ہوگی جبکہ دوہرے حصص وغیرہ کے اجراء کے لئے مطلوبہ لوازمات سے بھی محفوظ رہیں گے۔ مزید معلومات اور معاونت کے لیے، حصص کنندگان ہمارے شیئر رجسٹرار آفس .M/S Corplink (Pvt) Ltd، ونگز آرکیڈ، 1-K کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

**۱۰) پوسٹل بیلٹ / ای۔ ووٹنگ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق اجلاس عام میں کسی بھی ایجنڈا آئٹم کی منظوری کے مقصد کیلئے ارکان کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، جو کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء میں موجود شرائط اور طریقے کے مطابق ڈاک کے ذریعے ووٹنگ یا ای ووٹنگ ہے۔

**۱۱) سالانہ رپورٹ کی ترسیل:**

کمپنی کے حصص کنندگان کی غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 22 جون 2023ء میں منظوری کے حوالے سے اور SECP کے نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 2023ء/(1)389 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے مطابق، کمپنی کے 30 جون 2023ء کو ختم ہونے والے مالی سال کی سالانہ رپورٹ جس میں آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارں، آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز اور چیئرمین کی رپورٹس کو نیچے دیئے گئے QR کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے دیکھا اور ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

| ویب لنک | QR کوڈ |
|---|---|
| https://shezan.com/investor-information/ | |

☆ سالانہ رپورٹ ان حصص کنندگان کو بھی ای میل کردی گئی ہیں جنہوں نے کمپنی کو اپنی درست ای میل ایڈریس فراہم کئے ہیں۔

☆ جو حصص کنندگان سالانہ رپورٹ کی کاپی وصول کرنا چاہتے ہیں وہ کمپنی سیکرٹری / شیئر رجسٹرار کو معیاری درخواست فارم بھیج سکتے ہیں جو کہ کمپنی کی ویب سائٹ (www.shezan.com) پر دستیاب ہے۔ کمپنی بغیر کسی معاوضہ کے حصص کنندہ کو درخواست کی وصولی کے سات (07) دن کے اندر کاپی ارسال کردے گی۔

۱۲) سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بمعہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفع 134(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان، حصص کنندگان کو بھجوانے کے علاوہ کمپنی کی ویب سائٹ (www.shezan.com) پر رکھا گیا ہے۔